يا حيّ بسم الله الرحمٰن الرحيم يا قيّوم
ماشاء الله لا قوة الا بالله اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا
محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل
معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك
استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه
مَقَالاتِ حِکْمَت
مؤلف
حضرت مُحَمَّد برکت علی
لدھیانوی قدس سرہ العزیز
المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم
المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین
دارالاحسان دربار شریف (سالار والا) فیصل آباد۔ پنجاب۔ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاحیُّ ماشآءاللہ لا قوۃ الا باللہ اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا مُحَمَّدٍ النبی الامی وعلی الہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفراللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا قیوم

مکشوفاتِ منازلِ اِحسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

مؤلّف

قبلہ شیخ صوفی حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

ترتیب وتزئین

صاحبزادہ میاں محمد مقصود احمد عفی عنہ بن میاں محمد انور علی قدس سرہ العزیز بن حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

لِلتَّقْسِیْمِ وَالتَّوْزِیْعِ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجَمِیْعِ اُمَّۃِ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم۔ آمین

مقام اشاعت

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین

دارالاحسان دربار شریف (سالارولا) فیصل آباد۔ پنجاب۔ پاکستان

فون: ++92-41-8742650 0300-321-333-9661047

www.darulehsan.net.pk Email:maqsoodsalarwala@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا حَیُّ مَاشَآءَ اللہُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ ﷺ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰی نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یا قیوم

تاریخ اشاعت : ۲۰ جمادی الثانی بروز ہفتہ ۱۴۳۳ھ

جلد اوّل

طبع : دوم

مطبع : دارالاحسان سالاروالا

طابع : دارالاحسان سالاروالا

ناشر

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین

(دارالاحسان سالاروالا)

فیصل آباد۔ پنجاب (پاکستان)

یاحیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاقیوم

دارالاحسان کیا ہے؟

دارالاحسان کا لفظی مطلب ''احسان کا گھر''۔ یہ ایک اسلامی رفاہی ادارہ ہے جو ضلع فیصل آباد تحصیل چک جھمرہ میں واقع ہے۔ حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا ہے ''یہ ایسی جگہ ہے جہاں پر لوگ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرتے ہیں جیسے وہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر یہ صحیح نہیں تو یہ یقیناً سچ ہے کہ ان کو اللہ دیکھ رہا ہے''۔ حضور باباجی سرکارؒ نے دارالاحسان کے بارے میں فرمایا ''دو ہزار سال پہلے ایک نبی کا دارالاحسان سے گزر ہوا، اُنہوں نے اس مقام پر قیام فرمایا اور اپنا دفتر لگایا''۔ حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا جب حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو اس دارالاحسان سے اُن کی آمد کی تصدیق کی جائے گی۔ ماشاءاللہ! حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا کہ یہ دارالاحسان بین الاقوامی تبلیغ کا عالمگیر مرکز ہے۔ اور قیامت تک آباد رہے گا۔ انشاءاللہ۔ ماشاءاللہ!

حضور باباجی سرکارؒ نے مخدومہ دارالاحسان بے بے جی سرکار برکت بی بی قدس سرہ العزیز کے وصال کے موقع پر فرمایا (برکت بی بی تیرا در قیامت تک آباد رہے گا) ماشاءاللہ!

اکثر دوست احباب سوال کرتے ہیں **المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین** کا کیا مطلب ہے۔ حضور قبلہ باباجی سرکارؒ نے اس کا ترجمہ کچھ اس طرح فرمایا ہے۔

نجاف:

نجاف اس مقام کو کہتے ہیں جہاں پہ اللہ تعالیٰ کی مشیّت سے اس کے محبوبان اور محبان اور انبیاء اکرام وعظام اور رسولان مطہرین علیہم السلام اپنے کسی وجود سے یعنی

روحانی اور باطنی طریقہ سے تشریف لائیں۔

صحاف

صحاف اس مقام کو کہتے ہیں جس مقام کی صحافت آسمانوں سے لے کر زمین کے تحت الثریٰ کے مقام تک مشہور ہو۔

المصطفین کے معنی

ا۔ اگر ف کے نیچے زیر پڑھی جائے تو جمع کا صیغہ ہوا، یعنی بہت سی چنی ہوئی برگزیدہ ہستیاں۔

ب۔ اگر ف کے اوپر زبر پڑھی جائے تو یہ معنی ہوئے کہ دو چنی ہوئی برگزیدہ ہستیاں، گویا دونوں طرح لغوی اور معنوی حقیقت کی مناسبت سے یہ نام صحیح ہے۔ ماشاءاللہ!

جامع مسجد دارالاحسان:

دارالاحسان کی جامع مسجد کے بارے میں حضور بابا جی سرکارؒ نے فرمایا ہے کہ "یہ جامع مسجد دارالاحسان قدیم ہے۔ یہ دنیائے اسلام کی مساجد میں چوتھے درجہ پہ شمار ہوتی ہے۔

ا۔ بیت اللہ شریف ۲۔ مسجد نبویؐ ۳۔ مسجد اقصیٰ

حضرت امام حسین علیہ السلام کا اسی مقام پہ ورود ہوا۔ ماشاءاللہ! یہ جامع شیشہ کی طرح شفاف ہو۔ صرف ذکر کرنے والے رہیں کوئی اور چیز اس کے اندر نہ ہو۔ یاحی یاقیوم۔ ۲۱ صفر المظفر ۱۴۰۵ھ

قرآن کریم محل

دارالاحسان میں ایک قرآن کریم محل ہے۔ جس میں تقریباً پونے دو لاکھ قرآن پاک ہیں اور دس ہزار کے قریب قلمی نسخے ہیں۔ اور ۵۰۰ نسخے تاریخی اور قدیم